آرتھرائٹس کے مریضوں کے لئے معلوماتی کتابچہ

جوڑوں کے درد کی دوائی : STEROIDS

STEROIDS مختلف طریقوں سے استعمال کئے جاسکتے ہیں۔ یہ گولی کی صورت میں، ٹیکہ کے طور پر گوشت میں، رگ میں یا سیدھا جوڑ میں بھی دیئے جاسکتے ہیں۔ PREDNISOLONE عام طور پر STEROID TABLETS کے طور پر RHEUMATOID ARTHRITIS اور دوسری جوڑوں کی بیماریوں کے لئے استعمال کی جاتی ہے۔ سادی گولی کی صورت یا مخصوص کوٹنگ کے ساتھ ENTERIC-COATED دستیاب ہے۔ اگر آپ زیادہ خوراک لے رہے ہیں یا آپ کو معدے کی بیماری ہے تو آپ کا ڈاکٹر مخصوص کوٹنگ والی قسم استعمال کرنے کے لئے کہہ سکتا ہے۔

مجھے یہ STEROIDS کیوں دیئے جا رہے ہیں؟

کچھ STEROIDS جیسے CORTISOL قدرتی طور پر انسان کے جسم میں موجود ہوتا ہے۔ دوسرے STEROIDS مختلف قسم کے جوڑوں کے درد کی بیماریوں (جن میں RHEUMATOID ARTHRITIS اور SLE بھی شامل ہیں) میں دیئے جاتے ہیں۔ یہ سوجن اور سوزش میں بہت کارآمد ہیں۔ البتہ یہ صرف بیماری کو کم کرتے ہیں ختم نہیں کرتے۔

میں یہ دوائی کب لوں؟

PREDNISOLONE عام طور پر صبح کے وقت کھانے کے بعد یا ساتھ لی جاتی ہے۔ بعض اوقات یہ ایک دن چھوڑ کر اگلے دن استعمال کی جاتی ہے۔ اگر آپ مخصوص کوٹنگ والی گولی استعمال کریں تو پوری نگل لیں (گولی کو نہ پیسیں نہ چبائیں۔

کتنی خوراک لوں؟

آپ کا ڈاکٹر اس بارے میں آپ کو مشورہ دے گا۔ یہ دو چیزوں ایک آپ کا وزن اور دوسرا یہ کیوں استعمال کی جا رہی ہے پر منحصر ہے۔ اکثر آپ کا ڈاکٹر زیادہ خوراک کے ساتھ شروع کرے گا اور پھر جیسے آپ کی طبیعت بہتر ہو اِس کو کم کیا جاتا ہے۔ اگر آپ طویل عرصے سے STEROIDS پر ہیں تو آپ کا ڈاکٹر خوراک میں بتدریج کمی کرے گا۔ جب تک کہ آپ کا ڈاکٹر نہ کہے آپ کو یہ گولیاں بند نہیں کرنی چاہییں۔ یہ گولیاں ایک دم بند کرنا خطرناک ثابت ہوسکتا ہے۔ عین ممکن ہے کہ آپ کا ڈاکٹر بہت کم خوراک غیر معینہ مدت تک جاری رکھے۔

اگر آپ STEROIDS کی گولیاں لے رہے ہیں تو ہمیشہ اپنے ساتھ STEROID CARD رکھیں۔ جس میں یہ لکھا ہو کہ کتنی خوراک آپ لے رہے ہیں۔ اور کتنے عرصے سے لے رہے ہیں۔ اگر آپ کی طبیعت خراب ہوجائے یا کوئی حادثہ ہوجائے تو آپ کو مزید STEROIDS کی ضرورت ہوسکتی ہے۔ آپ کا ڈاکٹر یا دوا ساز STEROID CARD آپ کو دے سکتا ہے۔

یہ دوائی اثر کرنے میں کتنا وقت لیتی ہے؟

یہ بہت جلد اثر کرتی ہے۔ عام طور پر کچھ دنوں میں آپ کو اثر محسوس ہوتا ہے۔

مضر اثرات کیا ہو سکتے ہیں؟

چونکہ تمام دوائیوں کے اثرات ہوتے ہیں۔ جتنا زیادہ عرصہ آپ یہ دوائی استعمال کر رہے ہیں اور جتنی خوراک لے رہے ہیں اُتنے زیادہ مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ آپ کا ڈاکٹر اس لیے آپ کو کم سے کم خوراک دے گا تا کہ آپ کی بیماری قابو میں رہے۔

تاہم اکثر و بیشتر STEROIDS بیماری پر قابو پانے کے لئے بہت ضروری ہوتے ہیں اِس لئے نقصان اور فوائد دونوں ذہن میں رکھے جاتے ہیں۔ اگر آپ بہت کم خوراک پر ہیں تو ہوسکتا ہے کہ آپ کو کبھی مضر اثرات کا سامنا ہی نہ کرنا پڑے۔

مضر اثرات عام طور پر وزن کا بڑھنا، گول منہ، ہڈیوں کا خستہ اور نازک ہونا (OSTEOPOROSIS) جسم پر دھبے پڑنا، ہاضمے کی خرابی، جلد کا پتلا ہونا شامل

ہیں۔CATARACT یعنی موتیا ہوسکتا ہے۔خون کی شوگر بڑھ سکتی ہے۔اِس لئے اگر ذیابیطس کے مریض ہیں تو آپ کو اپنے علاج میں ردوبدل کرنا پڑے گا۔
یہ دوائی لینے سے آپ کو بیمار ہونے کا خطرہ ہے۔اگر ایسا ہو یا آپ کو بخار ہو تو آپ اپنے ڈاکٹر سے رابطہ کریں۔بیماری کی علامات عیاں نہیں بھی ہوتی تب بھی اگر آپ کو طبیعت میں فرق محسوس ہو یا کوئی نئی علامات محسوس ہوں تو فوراً ڈاکٹر سے رابطہ کریں۔زیادہ خوراک بلڈ پریشر بھی بڑھا سکتی ہے۔
اگر آپ کو CHICKEN-POX پہلے نہیں ہوا اور کسی ایسے مرد سے ملیں جسے CHICKEN-POX یا SHINGLES ہوں تو فوراً اپنے ڈاکٹر کو بتائیں کیونکہ آپ کو مخصوص علاج کی ضرورت پیش آسکتی ہے اور اگر آپ کو خود CHICKEN-POX یا SHINGLES ہوجائے تو بھی فوراً ڈاکٹر سے رابطہ کریں۔

مجھے خاص ٹیسٹ کروانے کی کوئی ضرورت ہے؟

عام طور پر آپ کو کوئی متواتر خون یا پیشاب کے ٹیسٹ کروانے کی کوئی ضرورت نہیں۔البتہ آپ کی صحت کے لیے کچھ ٹیسٹ کروائے جاسکتے ہیں۔

کیا میں دوسری دوائیاں استعمال کرسکتا ہوں؟

جب بھی آپ کوئی دوسری دوائی استعمال کریں تو ڈاکٹر کو بتائیں کہ آپ STEROIDS پر ہیں۔عام دستیاب دوائیاں ڈاکٹر یا دواساز کے مشورہ کے بغیر نہ استعمال کریں۔البتہ بہت سی دوائیاں STEROIDS کے ساتھ لی جاسکتی ہیں۔

کیا میں ویکسین لگوا سکتا ہوں؟

آپ کو LIVE ویکسین جیسے کہ پولیو اور رُبیلا سے اجتناب کرنا چاہیے۔

کیا یہ گولیاں PREGNANCY حمل کو متاثر کرتی ہیں؟

حالانکہ یہ دوائی بہتر ہے کہ حمل میں استعمال نہ کریں لیکن یہ کچھ دوسری دوائیوں سے محفوظ ہے۔اگر آپ بچہ چاہتے ہیں تو آپ کو پہلے ہی اپنے ڈاکٹر سے مشورہ کرنا چاہیے۔اگر آپ STEROIDS لے رہے ہیں اور آپ PREGNANT ہوجائیں تو یہ بند نہ کریں بلکہ ڈاکٹر سے مشورہ کریں۔ STEROIDS ایک دم بالکل نہ بند کریں۔اگر آپ بچے کو اپنا دودھ پلانا چاہتی ہیں تو پہلے ہی اپنے ڈاکٹر سے مشورہ کرلیں۔

کیا میں شراب پی سکتا ہوں؟

یہ کوئی اچھا خیال نہیں۔شراب اور STEROIDS دونوں بدہضمی کرتے ہیں۔بہتر یہ ہے کہ ڈاکٹر سے مشورہ کرلیں۔

مزید معلومات کہاں سے حاصل کروں؟

اگر آپ مزید معلومات چاہتے ہیں یا کسی بات پر تشویش ہو تو اپنے ڈاکٹر یا دواساز سے رابطہ کریں۔

تمام دوائیں بچوں کی پہنچ سے دور رکھیں

یادرکھیں ۔

ہمیشہ STEROIDS CARD اپنے ساتھ رکھیں
کبھی STEROIDS ایک دم بند نہ کریں اور اپنے ڈاکٹر سے ضرور رابطہ کریں۔